SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXI مجریہ 1994
SINDH ACT NO.XXI OF 1994
لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1994
THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1994
(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان ، اور شروعات
Short title, extent and commencement
2. تعریف
Definition
3. اتھارٹی اور اس کی شمولیت
Authority and its incorporation
4. اتھارٹی کی تشکیل
Constitution of the Authority
5. ارکان کی نااہلی
Disqualifications of members
6. غیر سرکاری ارکان کا معاوضہ اور مراعات
Remuneration and privileges of non-official members
7. ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور ذمہ داریاں
Appointment and duties of the Director General
8. اتھارٹی کے افسراں اور دوسرا عملہ
Officers and other staff of the Authority
9. اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority
10. اتھارٹی کا اجلاس
Meeting of the Authority
11. کمیٹی کا قیام
Constitution of Committee
12. اختیارات

Delegation of Powers
13. ایجنسی کا قیام
Establishment of Agency
14. مینجنگ ڈائریکٹر کی مقرری اور اختیارات
Appointment and powers of Managing Director
15. ضابطے کے اندر ایراضی کا اعلان
Declaration of controlled area
16. عمارت گرانا اور دوبارہ تعمیر
Execution or re-erection of building
17. اہم پروگرام
Master programmes
18. اسکمیں
Schemes
19. اسکیموں کی اشاعت
Publication of Schemes
20. اسکیموں کی منظوری
Sanction of Schemes
21. مختلف اسکیموں کی اتھارٹی کی طرف منتقلی اور
Transfer and entrustment of various schemes to the Authority
22. اتھارٹی کی طرف سے اسکیموں کی
Entrustment of schemes by the Authority
23. اسکیموں کی تبدیلی
Alteration of schemes
24. اتھارٹی کا حکومت لوکل کائونسل وغیرہ کو ہدایات جاری کرنے کا اختیار
Power of Authority to issue direction to government local council etc
25. اسکیم کے لئے فنڈز
Funds for Scheme
26. اسکیمں جو عوامی مقاصد کے لئے ہونگی
Schemes to be deemed for public purposes
27. اصلاح فیس
Betterment fee

28. عمارت ہٹانا یا گرانا

Removal or demolition of building

29. حددخلی ہٹانا

Removal of encroachment

30. گلیاں اور کھلی جگہ وغیرہ کو تحویل میں لینا

Taking over of streets open spaces etc

31. لوکل کائونسل کے اختیارات استعمال کرنے کے لئے

Authority competent to exercise functions of local council

32. جائیداد کی ایکسچینج کی لیز خرید کرنا

Purchase lease of exchange of a property

33. زمین کی طلبی

Acquisition of land

34. زمین پر نشان لگانا

Marking of land

35. پبلک نوٹس دینا ہوگا

Public notice to given

36. جانچ اور انعام

Enquiry and award

37. معاوضہ طے کرنے کے لئے عناصر

Factors for determining of compensation

38. قبضہ اور زمین شامل کرنا

Possession and vesting of land

39. معلومات حاصل کرنے کے لئے کلکٹر کے اختیارات

Power of Collector to obtain information

40. زمین کا سروے کرنا، لیول کرنا، نشانات لگاناوغیرہ

Surveying leveling and marking etc: of land

41.

Compensation or damages

42. حکومت کی طرف سے کلکٹرز کو ہدایات

Directions to Collector by Government

43. اپیل

Appeal

44. نظرثانی

Review

.45 غلط یا معاوضے کی اضافی ادائیگی

Wrong or excess payment of compensation

.46 کاروائی کو روکنا

Dropping of proceedings

.47 کلکٹر اور کمشنر کو سول کورٹس کے اختیارات

Civil Courts powers to Collector and Commissioner

.48 کوئی اسٹمپ ڈیوٹی یا کورٹ ڈیوٹی ادائیگی لائق نہیں ہوگی

No stamp duty or court fee payable

.49 زمین کی واپسی

Restoration of Land

.50 اتھارٹی کے فنڈز

Funds of the Authority

.51 فنڈز کا استعمال

Utilization of funds

.52 قومی فرض کی ادائیگی کے لئے فنڈز

Sinking Fund

.53 بجیٹ

Budget

.54 کھاتوں کی دیکھ بھال

Maintenance of Accounts

.55 سرکاری ایجنسی کو پانی کی فراہمی

Supply of water to Government agency

.56 میونسپل حدود سے باہر پانی کی فراہمی

Supply of water outside municipal limits

.57 جگہ کا تعین کرنا اور مرمت وغیرہ

Placement and maintenance etc

.58 واٹر سپلائی اور ڈرینج سے متعلقہ جرم

Offence relating to water supply and drainage

.59 عمارت دوبارہ تعمیر کرنا یا استعمال کرنا وغیرہ جو ایکٹ کے تصادم میں نہ ہو

Erection construction or use of building etc, incontravent of the Act

60. جائیداد کے مختلف استعمال کے لئے تبدیلی
Conversion of property to different use
61. چیئرمین، ارکان وغیرہ سرکاری ملازم ہونگے

Chairman, members, etc, to be public servants
62. سرگرمیوں کی رپورٹ
Report of activities
63. لوکل کائونسل کے اثاثوں، واجبات اور اختیارات کی اتھارٹی کی طرف منتقلی
Transfer of assets and liabilities and power of local council to the Authority
64. واجبات کی وصولی
Recovery of dues
65. کاروائی پر پابندی
Jurisdiction barred
66. ضمانت
Indemnity
67. گنجائش پر اثرانداز ہونا
Overriding provisions
68. قواعد بنانے کے اختیارات
Power to make rules
69. ضوابط بنانے کے اختیارات
Power to make regulation
70. اتھارٹی ختم کرنا
Dissolution of the Authority
71. منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبر XXI مجریہ 1994
SINDH ACT NO.XXI OF 1994
لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1994

THE LARKANA DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1994

[23 اگست 1994]

ایکٹ جس کے ذریعے لاڑکانہ ڈویژن کے شہری علائقوں کی، اصلاحات، اور خوبصورتی کے لئے گنجائش بنائی جائیں گی اور ان مقاصد کے لئے ایک اتھارٹی قائم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ لاڑکانہ ڈویژن کے شہری علائقوں کی ترقی، اصلاح اور خوبصورتی کے لئے گنجائش بنانا اور ان مقاصد کے لئے ایک اتھارٹی قائم کرنا ضروری ہوگیا ہے۔

اس مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جائے گا۔

باب – 1

ابتدائیہ

مختصر عنوان ، اور شروعات
Short title, extent and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1994 کہا جائے گا۔

(2) اسے لاڑکانہ ڈویژن کے ایسے علائقوں تک بڑھایا جائے گا جہاں حکومت وقتاً فوقتاً نوٹی فکیشن کے ذریعے بیان کرے۔

(3) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definition

2. اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) ’’ایجنسی‘‘ سے مراد دفعہ 13 کے تحت قائم کی گئی ایجنسی ؛

(b) ’’اتھارٹی‘‘ سے مراد دفعہ 3 کے تحت لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی؛

(c) ’’اصلاح فیس ‘‘سے مراد دفعہ 27 کے تحت لگائی گئی فیس؛

(d) ’’بجیٹ‘‘سے مراد اتھارٹی کی سالانہ کمائی اور خرچ کا سالانہ اسٹیٹمنٹ؛

(e) ’’ چیئرمین‘‘سے مراد اتھارٹی کا چیئرمین؛

(f) ”ضابطے کے اندر ایراضی“سے مراد دفعہ 15 کے تحت اعلانیہ ایراضی؛

(g) ”حکومت“سے مراد سندھ حکومت ؛

(h) ”زمین“ جس میں شامل ہے زمین، پانی، اوپری ہوا یا زمین کی سطح اور وہ سب جو زمین سے جڑا ہو یا زمین سے مستقل طور پر کوئی چیز بندھی ہوئی ہو؛

(i) ”اہم پروگرام“سے مراد دفعہ 17 کے تحت تیار کئے گئے پروگرام ؛

(j) ”مینجنگ ڈائریکٹر“ سے مراد دفعہ 14 کے تحت مقرر کردہ مینجنگ ڈائریکٹر ؛

(k) ”رکن“سے مراد اتھارٹی کا رکن ؛

(l) ”بیان کیا گیا“سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنئاے گئے قواعد اور ضوابط کے مطابق بیان کیا گیا؛

(m) ” اسکیم“سے مراد اس ایکٹ کے تحت؛

(n) ”خدمت کی ایراضی“سے مراد دفعہ 13 کے تحت اتھارٹی کی طرف سے اعلانیہ خدمت کی ایراضی؛

(o) ” شہری ایراضی“ سے مراد ایک ایراضی جو ٹائون، میونسپلٹی یا شہر کی حدود میں آتی ہو اور جس میں شامل ہے ایسی ایراضی جو اس ایکٹ کے تحت حکومت کی طرف سے اعلانیہ ہو۔

اتھارٹی اور اس کی شمولیت
Authority and its incorporation

اتھارٹی کی تشکیل
Constitution of the Authority

باب -II
اتھارٹی کی تشکیل اور اس کے کام

3. (1) اس ایکٹ کے مقاصد پورنے کرنے کے لئے ایکٹ اتھارٹی ہوگی جس کو لاڑکانہ ڈولپمنٹ اتھارٹی کہا جائے گا۔

(2) اتھارٹی ایک باڈی کارپوریٹ ہوگی جس کو اس ایکٹ کی گنجائش کے مطابق دونوں اقسام کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے اور رکھنے کی حقیقی وارث اور عام مہر ہوگی

اور بیان کئے گئے نام سے کیس کرا سکتی ہے اور اس پر کیس ہو سکتا ہے۔
(3) اتھارٹی کا ہیڈ کوارٹر لاڑکانہ میں ہوگا یا کسی دوسری جگہ پر جیسے حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے طے کرے۔

4. (1) اتھارٹی مشتمل ہوگی۔

a)	لاڑکانہ ڈویژن کا کمشنر	چیئرمین
(b)	ڈائریکٹر جنرل	رکن
(c)	ایڈمنسٹریٹر یا میئر جیسا لاڑکانہ میونسپل کارپوریشن کا معاملا ہو	رکن
(d)	پبلک ہیلتھ انجنیئرنگ ڈپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ جس کا عہدا ایگزیکٹیو انجنیئر سے کم نہ ہو	رکن
(e)	ایسے دوسرے غیر سرکاری رکن جن کی تعداد پانچھ سے زائد نہ ہو اور سرکاری رکن جو حکومت کی طرف سے مقرر کئے جائیں۔	رکن

(2) غیر سرکاری رکن تین برس کے عرصے تک عہدہ رکھ سکتا ہے جب تک وہ استعیفیٰ نہ دے یا اس سے پہلے اسے ہٹایا نہ جائے۔
(3) غیر سرکاری رکن کسی بھی وقت پر حکومت کو خط کے ذریعے رکنیت سے استعیفیٰ دے سکتا ہے اور اس کے استعیفیٰ کو اس تاریخ سے موثر سمجھا جائے گا جس تاریخ پر حکومت کی طرف سے اسے قبول کیا جائے۔
(4) حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے کسی بھی غیر سرکاری رکن کو ہٹا سکتی ہے، جسے دفعہ 5 میں بیان کی گئی نااہلیوں میں شامل کیا گیا ہو۔
(5) غیر سرکاری رکن کے عہدے پر عارضی آسامی ذیلی دفعہ (1) کے تحت پر کی جائے گی اور ایسی آسامی پر مقرر کردہ رکن کو باقی عرصہ کے لئے عہدے پر رکھا جا سکتا ہے۔

ارکان کی نااہلی
Disqualifications of members

5. کوئی بھی شخص غیر سرکاری رکن نہیں رہے گا

غیر سرکاری ارکان کا معاوضہ اور مراعات
Remuneration and privileges of non-official members

ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور ذمہ داریاں
Appointment and duties of the Director General

اتھارٹی کے افسراں اور دوسرا عملہ
Officers and other staff of the Authority

اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority

یا جاری نہیں رکھ پائے گا جو:
(a) معاہدے میں داخل ہونے کا مجاز نہیں ہے؛
(b) ہے یا کسی وقت بداخلاقی میں ملوث رہ چکا ہو؛
(c) کسی پروجیکٹ یا اسکیم یا اتھارتی کے کسی معاملے میں مالی مفاد ہو کوئی فائدہ ہو، جو واسطہ یا بالواسطہ اتھارٹی کے مفادات سے ٹکراوء میں ہے؛
(d) وقتی طور پر عائد کسی قانون کے ضوابط کے مطابق الیکٹو باڈی کی رکنیت سے وقتی طور پر نااہل ہوا ہو۔

6. غیر سرکاری رکن ایسی مراعات فیس اور الائونسز حاصل کریں گے جیسا حکومت کی طرف سے طے کیا گیا ہو۔

7. (1) ڈائریکٹر جنرل حکومت کی طرف سے شرائط اور ضوابط کے مطابق مقرر کیا جائے گا۔
(2) ڈائریکٹر جنرل اتھارٹی کا چیف ایگزیکیوٹو ہوگا اور حکومت کی عام و خاص ہدایات کے مطابق ایسی ذمہ داریاں نبھائے گا یا ایسے اختیارات کا استعمال کرے گا جن کو اتھارٹی کی طرف منتقل کیا جا سکے۔
(3) اگر ڈائریکٹر جنرل کسی سبب ڈیوٹی سے غیر حاضر ہے یا اپنے دفتر کے کام کرنے کے لائق نہیں ہے تو حکومت دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) میں بیان کئے گئے اشخاص میں سے کسی ایک شخص کو ڈائریکٹر جنرل کی ذمہ داریاں نبھانے اور ان کے اختیارات استعمال کرنے کے لئے نامزد کیا جاسکتا ہے۔

8. اتھارٹی حکومت کی خاص و عام احکام پر ایسے افسران، مشیر، ماہر کنسلٹنٹس اور ملازم کو ان شرائط اور ضوابط کے مطابق مقرر کر سکتی ہے جو ان کی کارکردگی بہتر بنانے کے لے مناسب ہو۔

9. (1) حکومت کی خاص و عام ہدایات کے مطابق اتھارٹی کام کرے گی:
(i) لاڑکانہ ڈویژن میں ضابطے کے اندر ایراضی کی تمام ترقی کی اصلاحات اور خوبصورتی کے لئے ذمہ دار ہوگی؛
(ii) اسکمیں بنا کے اس پر عمل درآمد کروائے گی اور نافذ کرے گی؛
(iii) پانی کی فراہمی، ڈرینج او ر سیوریج اور ڈسپوزل آف سولڈ ویسٹ سے متعلقہ عوامی کام فراہم کرنا، اس میں بہتری لانا، چلانا اور اسکی دیکھ بھال کرنا؛
(iv) وفاقی اور صوبائی حکومت کا ترقیاتی ایجنسی طور کام کرنا یا کسی لوکل اتھارٹی یا خودمختیار باڈ کے طور پر کام کرنا؛
(v) ترقیاتی سرگرمیوں میں مصروف پبلک یا پرائیوٹ وفاقی یا صوبائی ایجنسیز کے ساتھ تعاون کرنا؛
(vi) مختلف ایجنسیز کے ترقیاتی سرگرمیوں میں تعاون کرنا؛
(vii) منفی خدمات سمیت فنی رہنمائی مہیا کرنا اور ترقیاتی سرگرمیوں کی ترقی اور تعاون کے لئے افراد مہیا کرنا؛
(viii) اس کے دائرہ اختیار میں ایراضی کی ترقی و بہتری اور خوبصورتی سے متعلق اسکیموں کے لئے مالی مدد فراہم کرنا؛
(ix) وفاقی یا صوبائی حکومت یا کسی لوکل اتھارٹی یا خود مختیار باڈی کی طرف سے سونپی گئی اسکیموں کو مکمل کرنا؛
(x) شہری پلاننگ اور ڈولپمنٹ میں تحقیق کرنا؛
(xi) طریہ کار بیان کرنا اور ترقی کی لئے معیار بنانا؛
(xii) منصوبہ بندی اور ترقی پر مواد جمع کرنا اور ایسا مواد ایسے افراد اور ایجنسیز کو فراہم کرنا جو

ترقیاتی کاموں میں مصروف یا دلچسپی رکھتے ہوں؛
(xiii) منصوبہ بندی اور ترقی کے متعلق تربیتی پروگرام اور سیمینار منعقد کرنا؛
(xiv) منصوبابندی اور ترقیاتی کام کے لئے پروفیشل آرگنائیزیشن کی حوصلہ افزائی اور؛
(xv) ایسے کاموں کوسرانجام دے گی جو حکومت کی طرف سے سونپے گئے ہو۔
(2) اتھارٹی کر سکتی ہے:
(i) ایسی تجویز لے سکتی ہے اور ایسے اختیارات استعمال کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ضروری ہو؛
(ii) منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد مستقل طور پر حاصل کر سکتی ہے یا عارضی طور پر درخواست دے سکتی ہے؛
(iii) خرید و فروخٹت، لیز ، تبدیلی، یا کسی دوسرے طریقے سے حاصل کی گئی زمین یا کسی دوسری جائیداد کا نیکال کر سکتی ہے؛
(iv) کسی اسکیم کے سلسلے میں کچھ کام کراسکتی ہے یا دوسری صورت میں اس کے حوالے کی گئی یا اس کے ضوابط میں دی گئی؛
(v) اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے کچھ خرچ برداشت کرنا؛
(vi) ان کے استعمال کے مطلوبہ پودے، مشینری اوزار اور دوسرا سامان مہیا کرنا؛
vi)اس ٹھیکے میں داخل ہونا اور ایسے تمام ٹھیکے حاصل کرنا جن کو ضروری سمجھے؛
(viii) کسی کام یا اسکیم میں کسی رکاوٹ کو ہٹانا؛
(ix) بننے والی اسکیم کی ترقی کے لئے حکم جاری کرنا؛
(x) زمین کے استعمال میں کسی تبدیلی اور کسی عمارت کی تعمیر یا بنانےمیں تبدیلی سے منع کرنا یا خاص و عام کو حکم کے ذریعے منع کرنا؛
(xi) کسی عمارت، تعمیر یا تنصیب کو گرانا یا ہٹانا ؛

اتھارٹی کا اجلاس
Meeting of the Authority
ک

کمیٹی کا قیام
Constitution of Committee

اختیارات
Delegation of Powers

ایجنسی کا قیام
Establishment of Agency

مینجنگ ڈائریکٹر کی مقرری اور اختیارات
Appointment and powers of Managing Director

ضابطے کے اندر

(xii) ترقیاتی کام میں مصروف کسی شخص یا افراد کی باڈی یا ایجنسی سے کوئی معلومات ریکارڈ، رپورٹ یا متعلقہ منصوبے، اس ایکٹ کے تحت طلب کرنا؛	ایراضی کا اعلان Declaration of controlled area
(xiii) کسی جاری ترقیاتی پروجیکٹ پا جو شروع ہونے والا ہو، ا کی جانچ کرنا یا ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرنا؛	عمارت گرانا اور دوبارہ تعمیر Execution or re-erection of building
(xiv) کسی ترقیاتی پروجیکٹ یا اسکیم سے متعلق کسی شخص، یا شخصیات کی باڈی یا ایجنسی سے بیان کئے گئے پروجیکٹ پروگرام یا اسکیم کی شروعات کے بارے میں پیشگی اجازت لینا	
(xv) ہدایت کرنا یا جیسا معاملہ ہو کسی شخص ، اشخاص کی باڈی یا کسی ترقیاتی پروجیکٹ پروگرام یا اسکیم سے منسلک ایجنسی کو ایسے پروجیکٹ پروگرام یا اسکیم کے بارے میں کچھ کرنے یا کچھ نہ کرنے کا مشورہ دینا اور ان مشاورت کرنا یا مشورہ لینا یا ترقیاتی کام میں مصروف کسی شخص یا اشخاص کی باڈی یا ایجنسی سے مدد حاصل کرنا کسی اسکیم کی تیاری یا اس پر عملدرآمد کے سلسلے میں اور ایسا شخص یا شخصیات کی باڈی یا ایجنسی اتھارٹی کو مطلوبہ مشورہ اور مدد فراہم کریں گی ان صلاحیت، معلومات اور نظریئے کے مطابق اور ایسے مشورے یا مدد میں اگر کوئی خرچ آتا ہے تو وہ خرچ اتھارٹی برداشت کرے گی۔	
(3) اگر ذیلی دفعہ (2) کے تحت اتھارٹی کی طرف سے اختیارات استعمال کرنے میں اتھارٹی اور کسی شخص یا اشخاص کی باڈی یا ایجنسی کے بیچ میں کوئی تکرار ہو وہ معاملہ ایسے شخص یا اتھارٹی کی طرف سے نپٹایا جائے گا جیسے حکومت اس سلسلے میں مقرر کرے اور ایسے شخص یا اتھارٹی کی طرف سے دیا گیا فیصلہ حتمی ہوگا بشرطیکہ حکومت اپنے طور یا اس میں ملوث کسی شخص یا اشخاص کی باڈی یا ایجنسی کی تحریک پر ایسا فیصلہ تبدیل یا	اہم پروگرام Master programmes اسکمیں Schemes

ترتیب دے سکتی ہے۔
10. (1) کوئی بھی معاملہ جو اتھارٹی کی طرف سے حل ہونا ہے اس کا فیصلہ اتھارٹی کے اجلا س میں موجود ارکان کے اکثریتی ووٹ کے ذریعے ہوگا۔
(2) ہر رکن کا ایک ووٹ ہوگا بشرطیکہ برابر ہونے کی صورت میں چیئرمین ووٹ کاسٹ کرے گا۔
(3) اتھارٹی کے اجلاس کے لئے تمام ارکان میں ایک فیصد ارکان کورم بنائیں گے۔
(4) اتھارٹی جگہ اور وقت اور ایسے اجلاس کا تعین کریگی جیسے وہ طے کرے ۔
11. اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے کمیٹیاں بنا سکتی ہے۔
جیسے مالیاتی کمیٹی، فنی کمیٹی، مشاورتی کمیٹی یا اس قسم کی دوسری کامیٹیاں۔

12. اتھارٹی خاس و عام حکم کے ذریعے اور ایسی شرائط ر جیسا وہ مناسب سمجھے اپنے کوئی بھی اختیارات چیئرمین یا رکن کسی کمیٹی کے ڈائریکٹر جنرل یا کسی دوسرے افسر یا ملازم یامشیر ماہر یا کنسلٹنٹ پر عائد یا حوالے کر سکتی ہے۔

13. حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے کسی ایراضی کو خدمت کی ایراضی کے طور پر اعلان کر سکتی ہے۔
اتھارٹی اور اگر حکومت کی طرف سے حکم کیا گیا ہو تو خدمت کی ایراضی کے لئے ایک یا ایک سے زیادہ افراد پر مشتمل ایک ایجنسی قائم کی جا سکتی ہے۔
(3) ایجنسی ایسے کام سرانجام دے گی اور ایسی خدمات مہیا کرے گی اور اتھارٹی کے ایسے اختیارات کا استعمال کرے گی جو اسے اتھارٹی کی طرف سے منتقل کئے گئے ہوں۔

اسکیموں کی اشاعت
Publication of Schemes

14. (1) جب دفعہ 13 کے تحت ایجنسی قائم کی گئی

ہے تو اتھارٹی حکومت کی پیشگی منظوری سے اور ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت جو حکومت کی طرف سے طے کئے جائے ۔ ایک مینجنگ ڈائریکٹر مقرر کرے گی۔

اسکیموں کی منظوری
Sanction of Schemes

(2) مینجنگ ڈائریکٹر ایجنسی کا چیف ایگزیکیوٹو ہوگا اور ایسے کام اور اختیارات کا استعمال کرے گا جو وقتًا فوقتاً اسے ایجنسی کی طرف سے سونپے جائیں گے۔

زیر ضابطہ ایراضی کا اعلان، اہم پروگرامز کی تیاری اور اسکیم اور ان پر عمل درآمد

15.اتھارٹی نوٹی فکیشن کے ذریعےکسی ایراضی کو زیر ضابطہ ایراضی کے طور پر اعلان کر سکتی ہے اور ایسی ہدایات جاری کر سکتی ہے اور کچھ ایسی چیزیں کر سکتی ہے جو بے ترتیب آبادی حددخل، غیر قانونی تعمیرات یا ایسی ایراضی میں آپریشنز سے بچاوء کے لئے ضروری ہو۔

16. (1) کوئی بھی فرد زیر ضابطہ ایراضی میں کسی عمارت کی تعمیر ، یا دوبارہ تعمیر نہیں کرے گا یا اس میں کسی سامان کی تبدیلی نہیں کرے گا یا کسی موجود عمارت یا تعمیر میں اضافہ نہیں ہوگا یا اس سلسلے میں جاری کسی حصے کی دوبارہ تعمیر نہیں کرے گا سوائے اتھارٹی کی اجازت کے۔

مختلف اسکیموں کی اتھارٹی کی طرف منتقلی اور
Transfer and entrustment of various schemes to the Authority

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت اجازت اس طریقے ارور ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت دی جائے گی جیسا کہ بیان کیا گیا ہو اور یہ ایک سال کے لئے کارگر ہوگی بشرطیکہ وہ اسے مزید اتنے عرصے کے لئے دوبارہ جاری کرسکتی ہے جیسا کہ اتھارٹی ایسی صورتحال میں مناسب سمجھے۔

(3) کوئی شخص جو کھدائی، کسی عمارت کی تعمیر یا دوبارہ تعمیر کرتا ہے یا اس میں اضافہ کرتا ہے کسی سامان سے باہر تبدیلی لاتا ہے یا کسی موجود عمارت یا تعمیر میں اضافہ کرتا ہے عمارت کے کسی جاری حصے دوبارہ تعمیر کرتا ہے تو زیر ضابطہ

اتھارٹی کی طرف سے اسکیموں کی

Entrustment of schemes by the Authority	ایراضی میں ایسا کام ہونے کے دو مہینوں کی اندر اتھارٹی کو ایسے کام کے مکمل ہونے کے متعلق آگاہ کرے گا۔
اسکیموں کی تبدیلی Alteration of schemes	(4) اتھارٹی ذیلی دفعہ (3) کے تحت آگاہی ملنے پر، کسی افسر یا کسی دوسرے شخص کو ایسے کام کی جانچ پڑتال کے لئے بااختیار اور ایسی جانچ پڑتال کے بعد ایسا حکم جاری کر سکتا ہے، جیسا وہ مناسب سمجھے۔
	(5) جب کوئی شخص ذیلی دفعہ (1) یا ذیلی دفعہ (3) کی گنجائش یا ذیلی دفعہ (4) کے تحت جاری کئے گئے حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو اتھارٹی ایسی تجاویز لے سکتی ہے جو ایسی گنجائشوں یا حکم کو عائد کرنے کے لئے ضروری سمجھے اور ایسے حکم پر عمل کرانے جو خرچ آئے گا وہ متعلقہ فرد سے وصول کیا جائے گا۔
اتھارٹی کا حکومت لوکل کائونسل وغیرہ کو ہدایات جاری کرنے کا اختیار Power of Authority to issue direction to government local council etc	17. (1) اتھارٹی جتنا جلد ہوسکے ایسے شہری علاقوں میں ترقی، اصلاحات و اضافے اور خوبصورتی کے لئے ماسٹر پروگرام تیار کرے گی جیسا کہ اس کے خیال میں یا حکومت کے خیال میں اس کی ترقی، اصلاحات اضافے اور خوبصورتی کے سلسلے میں ایسے پروگرام کو حکومت کی منظوری کی ضرورت ہے۔ (2) حکومت مذکورہ بالا پروگرام کی اصل شکل میں یا کچھ تبدیلیوں کے ساتھ جیسا وہ مناسب سمجھے منظوری دے سکتی ہے۔
اسکیم کے لئے فنڈز Funds for Scheme	18. (1) اتھارٹی اور اگر حکومت کی طرف ہدایت کی جائے، زیر ضابطہ ایراضی یا اس کے حصے کے لئے اس میں ایسے طریقے یا مخصوص اسکیم یا اسکیمیں تیار کرے گی جیسا کہ بیان کی گئی ہو۔ (2) اتھارٹی کسی لوکل کاوئونسل، سرکاری ایجنسی، سوسائٹی یا کسی فرد یا افراد کی باڈی کی درخواست کی تیاری کا سبب بن سکتی ہے ایسی شرائط یا ضوابط کے مطابق جیسا کہ مشترکہ طور پر

اس میں طے کیا گیا ہو۔

(3) اس دفعہ کے تحت اسکیم متعلقہ ہو سکتی ہے:

(a) زمین کا استعمال اور زمین مخصوص کرنا؛

(b) زوننگ؛

اسکیم جو عوامی مقاصد کے لئے ہونگی
Schemes to be deemed for public purposes

اصلاح فیس
Betterment fee

(c) کمیونٹی پلاننگ، ہاوسنگ، ری ہاوسنگ اور کچی آبادی کی منظوری اور بہتری؛

(d) عوامی عمارتیں، بشمول، کالیج، لائبریریاں، میوزیمز، کمیونٹی سینٹرز، ہسپتال، خیراتی ادارے، مساجد، مارکیٹس اور مسافر خانے ؛

(e) گلیاں اور روڈز؛

(f) واٹر سپلائی اور ڈرینج ، سیوریج اور سیوریج ڈسپوزل؛

(g) پارکس، کھیل کے میدان، قبرستان اور عوامی مقامات یا دوسرے عوامی مقاصد کے لئے لی گئی جگہیں؛

(h) معاشرتی سہولیات بشمول بجلی اور گئس کی فراہمی؛

(i) تاریخی یا معائتی دلچسپی یا قدرتی حسن کے مقامات یا چیزوں کا تحفظ عوامی سواری یا مواصلاتی نظام ؛

(j) عوامی سواری یا مواصلاتی نظام؛

(k) کاروباری یا صنعتی علائقے؛

(l) شہریوں کی زندگیوں اور جائیداد کے خطروں سے بچانا؛

(m) قدرتی وسائل کا استعمال؛

(n) عوام سے تعلق رکھتے والے کام یا معاملات

عمارت ہٹانا یا گرانا
Removal or demolition of building

(4) ایسی اسکیموں میں دوسری چیزوں میں شامل ہونگی:

(a) اسکیم کی تفصیل اور اس پر عمل درآمد کا طریقہ؛

(b) قیمت کا کھاتہ اور اس سلسلے میں مختص کرنا، جیسے اسکیم کے ذریعے مختلف مقاصد کے لئے خدمت کی جاسکے؛

(c) اسکیموں کے فوائد؛

(d) عوامی یا نجی جائیداد یا اسکیم سے اگر دوسرا کوئی فوائد متاثر ہوا ہو تو ایسی جائیداد پرڈیل کی آفر دی جائے گی۔

حددخلی ہٹانا
Removal of encroachment

19. اتھارٹی کی طرف سے تیار کی گئی پر اسکیم سرکاری گزٹ میں شائع کی جائے گی اور مقامی روزانہ اخبارات، ایک انگریزی اور ایک دو اور سندھی میں اعتراض اور تجاویز اسکیم کے شائع ہونے کے تیس دن کے اندر منگوائے جا سکتے ہیں۔

گلیاں اور کھلی جگہ وغیرہ کو تحویل میں لینا
Taking over of streets open spaces etc

20. (1) اتھارٹی اعتراضات اور تجاویز پر غور کرنے کے بعد اگر ہوں تو دفعہ 19 کے تحت اور ایسے افراد کے اعتراضات اور تجاویز کی سماعت کے بعد اگر اتھارٹی ایسی سماعت کو ضروری سمجھے تو اسکیم کی منظوری یا ترتیب دیے سکتی ہے یا اسے ختم کر سکتی ہے۔ اگر اس کی قیمت دس لاکھ روپئے سے زائد نہ ہوا اور حکومت کو کوئی قرض یا گرانٹ بل مطلوب نہ ہو تو حکومت کی سفارشسے دوسری اسکیمیں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

(2) حکومت ایسے افراد کو سننے کے بعد جن کے اعتراضات اور تجاویز اتھارٹی کی طرف سے منظور نہ کی گئی ہو اگر وہ اس کی سماعت ضروری سمجھے اسکیم بنا کسی تبدیلی یا تبدیلیوں کے جاری کر سکتی ہے یا جاری کرنے سے انکار کر سکتی یا دوبارہ نظرثانی کے لئے واپس کر سکتی ہے یا اسکیم کے متعلق زیادہ معلومات یا تفصیل طلب کر سکتی ہے یا اسے مزید جانچ پڑتال کے لئے ہدایات کر سکتی ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

لوکل کائونسل کے اختیارات استعمال کرنے کے لئے
Authority competent to exercise functions of local council

(3) جہاں حکومت نے یا جیسا معاملہ ہو، اتھارٹی اسکیم جاری کی ہو ایسی اسکی م کو جاری کرنا جو حکومت یا اتھارٹی کا حکم سرکاری گزٹ میں شائع کیا جائے گا اور اس کے بعد یہ اتھارٹی کے لئے ضروری ہوگا کہ ایسی اسکیم پر عمل درآمد کرائے۔

جائیداد کی ایکسچینج کی لیز خرید کرنا
Purchase lease of exchange of a property

21. (1) حکومت ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق جو حکومت کی طرف سے طے کی گئی ہو، حکومت کی طرف سے یا کسی لوکل کائونسل یا سرکاری ایجنسی کی طرف سے جاری کی گئی یا شروع کی گئی کوئی اسکیم اتھارٹی کو منتقل کی جا سکتی ہے اور اتھارٹی کی نیکالی کے لئے کچھ فنڈز اور جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ سے منسلک یا جوڑ سکتی ہے اس کے بعد یہ اتھارٹی کی ذمہ داری ہوگی کہ اس اسکیم پر عملدرآمد کرے۔	زمین کی طلبی Acquisition of land زمین پر نشان لگانا Marking of land
(2) یہ اتھارٹی کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ اسے وفاقی حکومت کی طرف سے سونپی گئی کسی اسکیم کے کام یا عمل درآمد ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق کرے جیسا اتھارٹی اور وفاقی حکومت نے مشترکہ طورطے کیا ہو۔	پبلک نوٹس دینا ہوگا Public notice to given
(3) اتھارٹی کسی لوکل کائونسل سرکاری ایجنسی سوسائٹی یا کسی فرد یا افراد کی باڈی کی درخواست پر کوئی کام یا اسے ایسی لوکل کائونسل سرکاری ایجنسی، سوسائٹی ، فرد، یا افراد کی باڈی کی طرف میونسپل کسی اسکیم پر عمل درآمد ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق کرے گی جیسا کہ طے کیا گیا ہو۔	
22. اتھارٹی حکومت کی منظوری سے کسی اسکیم پر عمل درآمد اس علائقے کی اسکیم کو سہولیات مہیا کرے گی یا کچھ کام اور خدمات کی دیکھ بھال کرے گی۔ کسی فرد یا افراد کی باڈی فرم یا کمپنی کو ایسی شرائط یا ضوابط پر حوالے کرسکتی ہے جیسا کہ مشترکہ طور پر اتھارٹی اور ایسے فرد یا افراد کی باڈی فرم یا کمپنی کے درمیاں بیان کی گئی شرائط یا ضوابط کے مطابق طے کی گئی ہو۔	جانچ اور انعام Enquiry and award
23. (1) کسی بھی وقت پر حکومت یا اتھارٹی کی طرف کسی اسکیم کے جاری ہونے کے بعد لیکن اس کے مکمل ہونےسے پہلے اتھارٹی اس کو تبدیل کر سکتی ہے حکومت کی منظوری سے اگر تبدیلی سے اسکیم کے عمل درآمد کی قیمت ایسی قیمت سے 10	

فی صد بڑھ جاتی ہے یا پچاس ہزار اور حکومت کی منظوری کے سوا ایسی تبدیلی سے اسکیم پر عملدرآمد کی قیمت ایسی حدود سے نہیں بڑھنی چاہیئے۔

(2) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت تبدیلی حصول میں شامل ہو سوائے معائدے کے کسی طریقے کسی جائیداد یا لوکل کائونسل سرکاری ایجنسی، سوسائٹی، فرد یا افراد کی باڈی کے فوائد پر اثرانداز ہو۔ دفعات 19 اور 20 میں بیان کئے گئے طریقے کار تبدیلی کی منظوری کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

معاوضہ طے کرنے کے لئے عناصر
Factors for determining of compensation

24. (1) اتھارٹی حکومت کی منظوری سے سرکاری ایجنسی یا لوکل کائونسل سے جس کے دائرہ اختیار میں حکومت کی طرف سے عمل درآمد کے لئے اسکیم جاری کی گئی ہے طلب کی جا سکتی ہے:

(a) ایسی اسکیم یا اس کا حصہ اتھارٹی کی مشاورت یا اس کی ہدایات سے مکمل کر سکتی ہے؛

(b) کسی بھی کام یا خدمات کو تحویل میں لینے یا سنبھالنے یا سہولیات مہیا کرنے جو اتھارٹی کے خیال میں ایسی اسکیم کے علائقے میں مہیا کرنا ضروری ہے؛

(c) اتھارٹی کی طرف سے ضوابط عائد کرنا

(2) کسی اسکیم پر ہونے والا خرچ یا کچھ کام یا خدمات کو تحویل میں لینا یا سنبھلنا، یا کوئی سہولیات مہیا کرنا یا ذیلی دفعہ (1) کے تحت ضوابط کو عائد کرنے پر اتھارٹی اور سرکاری ایجنسی یا لوکل کائونسل کی طرف سے برداشت کیا جائے گا۔ جیسا کہ دونوں میں مشترکہ طور پر طے کیا گیا ہو اور معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں حکومت جیسے طے کرے۔

قبضہ اور زمین شامل کرنا
Possession and vesting of land

25. (1) اتھارٹی حکومت کی پیشگی اجازت سے وقت بوقت اسکیموں پر عملدرآمد کی رقم کے لئے ریٹس، فیس اور دوسرےچارجز لگانے کے ذریعے فنڈز جمع کر سکتی ہے بشمول ان اسکیموں کے جن کو کسی ایجنسی کی طرف مکمل یا سنبھالا گیا ہو۔

معلومات حاصل کرنے کے لئے کلکٹر کے اختیارات
Power of Collector to obtain

(2) ریٹس، فیس اور دوسری چارجز ایسے طریقے

information

سے لگائی اور جمع کی جائے گی اور ایسے طریقہ کار کے تحت جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔

(3) ریٹس، فیس اور دوسرے چارجز لگانے کے ذریعے جمع کئے گئے فنڈس ایسی اسکیموں، کام اور پروجیکٹس پر خرچ کئے جائے گے اور ایسا طریقہ کار جیسا کہ اتھارٹی، حکومت ہدایت کرے۔

26. تمام اسکیمیں اس ایکٹ کے تحت بنائی اور چلائی جائے گی اور اتھارٹی کی طرف یہ عوامی مقاصد کی اسکیمیں سمجھی جائے گی۔

زمین کا سروے کرنا، لیول کرنا، نشانات لگاناوغیرہ
Surveying leveling and marking etc: of land
Compensation or damages

27. (1) جب اتھارٹی اس خیال کی ہے کہ کسی اسکیم پر عملدرآمد کے سلسلے میں کسی جائیداد کی قیمت بڑھ گئی ہو یا بڑھ سکتی ہے وہ ایسی جائیداد پر بہتری کی فیس عائد کر سکتی ہے اور ایسی طرح سے مالک سے وصول کر سکتی ہے یا اس شخص سے جس کے قبضے میں ہو یا جس کا اس میں حصہ ہو۔

حکومت کی طرف سے کلکٹرز کو ہدایات
Directions to Collector by Government

(2) بہتری کی فیس اس طرح سے لگائی اور وصول کی جائے گی جو اسکیم کے مکمل ہونے کے وقت جائیداد کی قیمت آدھے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے اگر مکمل ہونے سے پہلے جائیداد کی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے تو پھر جیسا اتھارٹی طے کرے۔

(3) جب اتھارٹی کو لگے کہ کوئی اسکیم کافی حد تک آگے جا چکی ہے تو جو اس بہتری کی فیس طے کی جا چکی ہے تو اتھارٹی اس سلسلے میں حکم جاری کر کے بہتری کی فیس عائد کرنے کے لئے اعلان کر سکتی ہے۔

اسکیم پر عمل درآمد کو مکمل سمجھا جائے اور اس سلسلے میں تحریری نوٹس جائیداد کے مالک کو دیا جائے گا یا اس شخص کو جس کے پاس قبضہ ہو یا جس کا حصہ ہو اتھارٹی اس سلسلے میں اس جائیداد پر بہتری کی فیس طے کرے گی۔

اپیل
Appeal

(4) اتھارٹی ذیلی دفعہ (3) کے تحت بھیجے گئے

نوٹس کے پندرہ دن کے بعد یا اگر بہتری کی فیس کے خلاف کوئی ریپریزیٹشن کے رد ہونے کے بعد بہتری کی فیس کو مندرجہ ذیل میں سے ایسے طریقے کار کے مطابق لگایا اور وصول کیا جا سکتا ہے جیسا کر بیان کیا گیا ہو۔

نظرثانی
Review

28. (1) اگر اتھارٹی اس خیال کی ہے کہ اسکیم پر عمل درآمد کے مقاصد کے لئے کسی عمارت کو ہٹانے یا گرانا ضروری ہے تو ایسی عمارت کو ہٹانے یا گرانے کے لئے حکم جاری کر سکتی ہے۔

غلط یا معاوضے کی اضافی ادائیگی
Wrong or excess payment of compensation

بشرطیکہ ایسی عمارت کو ہٹانے یا گرانے کا حکم تب تک نہیں دیا جائے گا جب تک ایسی عمارت کے مالک یا قبضہ رکھنے والے کو سننے کا موقعہ نہ فراہم کیا جائے۔

(2) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت کسی عمار ت کو ہٹانے یا گرانے کا حکم جاری کیا گیا ہے اور انہیں اس کا معاوضہ دیا جائے گا جس کی قیمت اس ایکٹ کے تحت زمین سے متعلقہ گنجائش کے مطابق طے کی جائے گی۔

کاروائی کو روکنا
Dropping of proceedings

29. اگر اتھارٹی اس خیال کی ہے کہ اسکیم پر عمل درآمد کے لئے کسی زمین یا عمارت پر کوئی حددخلی ہٹانا ضروری ہے تو ایسی حددخلی ہٹانے کے لئے موجود قانون کے مطابق ایسی حددخلی کو ہٹا سکتی ہے جیسا کہ زمین یا عمارت جس سے حددخلی ہٹانی ہے وہ اتھارٹی کی ہو۔

کلکٹر اور کمشنر کو سول کورٹس کے اختیارات
Civil Courts powers to Collector and Commissioner

30. (1) اگر کوئی گلی، راستہ، کھلی جگہ کسی اسکیم کے لئے مطلوب ہے تو اتھارٹی اس متعلقہ مقام یا ایسی گلی، رستے، نالے یا جگہ کے قریب چیئرمین یا اسکی طرف سے کسی دوسرے بااختیار بنائے گئے شخص کے دستخط سے نوٹس لگائے گی جس میں یہ مقصد بیان کیا جائے گا۔ جس کے لئے گلی، رستے یا جگہ مطلوب ہے اور اعلان کیا جائے گا کہ نوٹس میں دی گئی تاریخ کے بعد اتھارٹی ایسی گلی، رستے نالے یا جگہ کو تحویل میں لے گی اور اسے نوٹس کی نقل

کوئی اسٹمپ ڈیوٹی یا کورٹ ڈیوٹی ادائیگی لائق نہیں ہوگی
No stamp duty or court fee payable

زمین کی واپسی
Restoration of Land

گلی، راستے، نالے یا جگہ کے مالک کی طرف اسکے دیئے گئے آخری پتے پر ارسال کرے گی۔
(2) اتھارٹی اعتراضات پر غور کرنے کے بعد اگر ذیلی (1) کے تحت جاری کئے گئے نوٹس میں بیان کی گئی تاریخ سے پہلے وصول ہوا ہو، تو گلی، رستے، نالے یا کھلی جگہ کو تحویل میں لے سکتی ہے۔ یا ہدایات جاری کر سکتی ہے یا اس کو بند کرنے کے لئے کوئی حکم جاری کر سکتی ہے یا دوسری صورت میں ایسی گلی، رستے، نالے یا جگہ کو بند کرنے کا حکم جاری کر سکتی ہے۔
(3) اتھارٹی، گلی، رستے، نالے یا کھلی جگہ کے مالک کو معاضے ادا کرے گی کسی نقصان یا اس سلسلے میں نقصان کا معاوضہ ادا کرے گی جو اتھارٹی کی طرف سے اس سلسلے میں مقرر کردہ شخص یا افسر کی طرف سے طے کیا گیا ہو۔

اتھارٹی کے فنڈز
Funds of the Authorityـہ

31. حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے ہدایات جاری کر سکتی ہے کہ اتھارتی جب تک کہ کچھ وقتی طور پر عائد قانون کے متضاد نہ ہو۔ زیر ضابطہ ایراضی میں لوکل کائونسل یا سرکاری ایجنسی کے اختیارات اور کام کرنے کے لئے مجاز ہوگی۔

فنڈز کا استعمال
Utilization of funds

باب -IV
جائیداد کی طلبی

32. اتھارٹی، خرید، لیز یا ایکسچینج کے ذریعئے کوئی زمین یا عمارت حاصل کر سکتی ہے یا کوئی دوسری منقولہ، یا غیر منقولہ ائیداد یا اس کا حصہ اس کے مالک سے معائدے میں داخل ہو کر حاصل کر سکتی ہے۔ یا اس قانونی مجاز فرد سے جو ایسی زمین عمارت یا جائیداد بیچنے، لیز دینے یا ایکسچینج کرنا چا رہا ہو تو اس سے معائدہ کیا جا سکتا ہے۔

قومی فرض کی ادائیگی کے لئے فنڈز
Sinking Fund

33. جہاں اتھارٹی اس خیال کی ہے کہ کسی اسکیموں کے لئے مطلوبہ کوئی زمین یا کسی دوسرے عوامی مقاصد کے لئے مطلوبہ زمین دفعہ 12 کے تحت

حاصل نہیں کر سکتی ہے۔وہ ایسی زمین حاصل کرنے کے لئے جو اس باب کی گنجائش سے متعلقہ ہے کلکٹر کو طلب کر سکتی ہے جس کے دائرہ اختیار میں زمین واقع ہو۔

34. دفعہ 33 کے تحت اتھارتی کی طرف سے ہدایات ملنے پر کنٹرولر زمین (جب تک اس کی پیشگی نشاندہی نہیں کی جائے) کی نشاندہی کروائے گا اور اس کی ناپ کروائے گا اور اگر اس سلسلے میں کوئی منصوبہ نہیں بنایا گیا، تو ایک منصوبہ بنایا جائے گا۔

35. (1) کلکٹر متعلقہ جگہ پر یا حاصل کی گئی زمین کے قریب پبلک نوٹس لگوائے گا، جس میں یہ درج کیا جائے گا کہ زمین کسی اسکیم کے لئے مطلوب ہے یا جیسا معاملہ ہو، کہ اتھارٹی کی طرف سے کسی دوسرے مقاصد کے لئے مطلوب ہے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت نوٹس میں زمین کے تفصیل بیان کئے جائیں گے اور زمین میں دلچسپی رکھنے والے تمام افراد کو شخص طور یا کسی ایجنٹ کے پیش ہونے کے لئے طلب کیا جائے گا اور متعلقہ زمین میں دلچسپی کے متعلق اس کی دعویٰ داخل کی جائے گی ۔ اس کے اعتراضات کے ساتھ اگر دفعہ 34 کے تحت کی گئی ناپ کے حوالے سے ہو۔ کلکٹر کو ایسی تاریخ پر جو نوٹس کے شائع ہونے والے تاریخ کے دس دن سے پہلے کی نہ ہو اور جگہ جیسے نوٹس میں بیان کیا گیا ہو۔

بجیٹ
Budget

(3) کلکٹر وہی نوٹس قبضہ رکھنے والے کی طرف بھیج دیا جائےگا اگر کوئی ہو۔ ایسی زمین جو ایسے تمام افراد جو اس میں دلچسپی رکھتے ہوں یا اسے دلچسپی رکھنے والے افراد کا عنوان دیا جائے گا۔

کھاتوں کی دیکھ بھال
Maintenance of Accounts

(4) جس زمین کے متعلق ذیلی دفعہ (1) کے تحت نوٹس جاری کیا گیا ہے اس پر اتھارٹی سے پیشگی منظوری کے بغیر کوئی بھی تعمیر یا ترقیاتی کام نہیں کیا جائے گا۔

(5) ذیلی دفعہ (1) کے تحت نوٹس جاری ہونے کے

بعد کوئی تعمیر کی گئی یا اتھارٹی سے پیشگی منظوری لینے کے بغیر کسی تعمیر پر نوٹس جاری کرنے کے بعد اور ایسی تعمیر کرنےوالے پر اپنی ذمہ داری پر یہ ہٹائی جائے گی۔

سرکاری ایجنسی کو پانی کی فراہمی
Supply of water to Government agency

36. (1) دفعہ 35 کے تحت مقرر کئے گئے دن یا کسی اور دن جس پر کاروائی ملتوی کی گئی ہے کلکٹر اعتراضات پر پوچھ تاچھ جاری رکھے گا، اگر وہ دفعہ 35 کے تحت داخل کیا گیا ہو۔ زمین کی مارکیٹ کی قیمت اور اس سے متعلقہ دلچسپی رکھنے والےافراد کی رعایت کے متعلق یا دعویٰ کے حوالے سے۔

(2) کلکٹر زمین کی درست ایراضی اس کا معاوضہ یا معاملہ کا حصہ ان تمام افراد کو دے گا جن کے لئے سمجھا جائے گا کہ ان کے مفادات تو تھے پر وہ اس کے سامنے پیش ہوئے یا نہیں ہوئے۔

37. کلکٹر ذیلی دفعہ 36 کے تحت رعایت طے کرنے کے مقاصد کے لئے مندرجہ ذیل باتوں پر غور کر سکتا ہے:

میونسپل حدود سے باہر پانی کی فراہمی
Supply of water outside municipal limits

(i) مارکیٹ قیمت ذیلی دفعہ 35 کے تحت جاری کئے گئے نوٹس والی تاریخ سے گذشتہ 2 برسوں سے بیچنے والی قیمت کی سرسری بنیاد پر اسی جگہ واقع زمین اور اسی استعمال والی زمین کے حساب سے طے کئے جائیں گے؛

(ii) زمین میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو فصلوں اور درختوں میں کھڑے ہوئے پانی سے مناسب دیکھ بھال نہ ہونے پر ہونے والے نقصان ؛

(iii) اپنی باقی زمین کے سبب اگر کسی کے مفاد کو نقصان پہچتا ہے؛

(iv) لئی گئی زمین اگر منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد پر اثرانداز ہوتی ہے یا اس کی آمدنی کے دوسرے ذرائع پراثرانداز ہوتی ہے تو جو اس زمین سے متعلقہ مفادات کو نقصان پہنچا ہے؛

(v) رہائش کی تبدیلی یا کاروباری کی جگہ کی تبدیلی

جگہ کا تعین کرنا اور مرمت وغیرہ
Placement and maintenance etc

چاہے ایسا زمین حاصل کرنے کے لئے کیا گیا ہو اور اس لئے ہی افراد پر کچھ مناسب خرچ آیا ہو۔

(2) مذکورہ بالا رعایت طے کرنے میں، کلکٹر مندرجہ ذیل باتوں پر غور نہیں کرے گا؛

(i) زمین حاصل کرنے میں کئی گئی عجلت ؛

(ii) زمین میں دلچسپی رکھنے والے افراد کا اس زمین کے حصے لاتعلقی؛

(iii) زمین میں دلچسپی رکھتے والے افراد کی کسی نجی شخص کی طرف سے پہنچائے گئے نقصان کے خلاف کاروائی نہیں ہوگی؛

واٹر سپلائی اور ڈرینج سے متعلقہ جرم
Offence relating to water supply and drainage

(iv) زمین کی قیمت میں اضافہ ایسی زمین حاصل کرنے کے سلسلے میں استعمال کے لئے جمع کی جائے گی؛

عمارت دوبارہ تعمیر کرنا یا استعمال کرنا وغیرہ جو ایکٹ کے تصادم میں نہ ہو
Erection construction or use of building etc., incontravent of the Act

(v) زمین میں دلچسپی رکھنے والے شخص کی دوسری زمین کی قیمت میں کوئی اضافہ، اس سلسلے میں جمع کیا جائے گا جس کے تحت زمین آخری دفعہ حاصل کی گئی ہے۔

38. معاوضہ کیش کی صورت میں ادا کیا جائے گا یا تیار سائٹ کی صورت میں یا دونوں صورتوں میں جیسے بیان کیا گیا ہے۔

39. (1) جب کلکٹر نے دفعہ 36 کے تحت انعام دیا ہو۔ اگر اسے فریقوں نے اسے قبول کیا ہو۔ انعام کے اعلان کرنے والی تاریخ کے پندرہ دن کے اندر، زمین کا قبضہ حاصل کر سکتی ہے، جب کہ اتھارٹی میں شامل زمین اس مواخذے سے بری الذمہ تصور کی جائے گی۔

(2) ہنگامی صورت میں کلکٹر جیسی اتھارٹی نے ہداییت جاری کی ہو دفعہ 35 کے تحت شائع کئے گئے نوٹس کے بعد ہنگامی طور پر زمین کا قبضہ حاصل کر سکتا ہے اور اس کے بعد یہ اتھارٹی اس میں شامل ہوگی، جو تمام مواخذوں سے بری الذمہ ہوگی۔

بشرطیکہ کلکٹر چوبیس گھنٹوں کا عرصہ پورا ہونے

سے پہلے زمین کا قبضہ نہیں لے گا یا ایسا عرصہ جو کلکٹر زمین کا قبضہ رکھنے والے سے تحریر نوٹس ملنے کے بعد ضروری سمجھے۔

جائیداد کے مختلف استعمال کے لئے تبدیلی
Conversion of property to different use

40. کلکٹر کسی زمین کے حاصل کرنے کے مقاصد کے لئے یا کوئی معاوضے کے لئے کسی بھی شخص کو طلب کر سکتا ہے، تحریری حکم کے ذریعے، اس کے قبضے میں بیان کئے گئے حکم کے ذریعے کسی زمین کے متعلق معلومات طلب کر سکتا ہے۔ یسا کسی زمین میں داخل ہو سکتا ہے یا کسی شخص کو داخل ہونے کے لئے بااختیار بنا سکتا ہے اور ایسے اقدام لے سکتا ہے جوضروری سمجھے۔

.

41. یہ ضروری ہوگا کہ اتھارتی یا اس کے چیئرمین یا ارکان یا کلکٹر یا اتھارٹی کے کسی دوسرے بااختیار بنائے گئے شخص کی طرف سے اس سلسلے میں:

(a) داخل ہونے اور سروے اور کسی زمین کے لیول کرنے میں؛

(b) ؛

(c) یہ یقین ہونے کے بعد کہ زمین اس ایکٹ کے مقاصد کے لئے موزون ہے تمام دوسرے ضروری اقدامات لے؛

(d) حاصل کرنے کے لئے اس زمین کی حدود طے کرنا اور کام کی طے کی گئی۔

اگر کوئی ہو جو اس سلسلے میں کیا جائے گا۔

(e) ایسی سطح، حدود اور لائنز کے نشانات لگا، اور گڑھے کھود کر نشاندہی کرنا ؛

چیئرمین، ارکان وغیرہ سرکاری ملازم ہونگے
Chairman, members, etc, to be public servants

(i) جہاں یہ سروے کے مقاصد کے لئے ضروری ہو، سیدھ میں لانے یا لائن کے نشانات بنانے، کسی کھڑی فصل، گھاس اور جنگل یا اس کے کسی حصے کو کاٹنا یا صفائی کرنا:

بشرطیکہ کوئی شخص کسی عمارت میں داخل نہ ہوگا

یا رہائش پذیر گھر سے منسلک صحن یا باغ میں داخل نہ ہوگا، جب تک قبضہ رکھنے والا اس کی اجازت نہ دے۔ سوائے اس قبضہ رکھنے والے کو ایسا کرنے کے لئے کم از کم چوبیس گھنٹے کا نوٹس دیا جائے

42. جہاں دفعہ 34 اور 41 کے تحت لئے گئے کسی اقدام کے سبب کسی زمین کو اگر نقصان پہنچا ہے تو زمین کا مالک یا اس میں دلچسپی رکھنے والے شخص کو معاوضہ ادا کیا جائے گا جو طے کیا گیا ہو۔

(a) اس سلسلے میں اتھارٹی یا اس کی طرف سے کلکٹر اور مالک یا زمین میں دلچسپی رکھنے والے شخص کے بیچ میں معائدے کے ذریعے؛

سرگرمیوں کی رپورٹ
Report of activities

(b) اگر شق (a) کی روشنی میں کسی کلکٹر سے سمجھوتہ نہیں ہوتا، لیکن کسی بھی صورت میں اصل نقصان سے کم نہ ہو، جو زمین کے مالک کے مفاد میں ہو۔

43- حکومت کلکٹر کو اس بابت کے مطابق اختیارات استعمال کرنے اور کام کرنے کے لئے ہدایات دے سکتی ہے اور کلکٹر ایسی ہدایات پر عمل کرے گا۔

لوکل کائونسل کے اثاثوں، واجبات اور اختیارات کی اتھارٹی کی طرف منتقلی
Transfer of assets and liabilities and power of local council to the Authority

44. (1) اتھارٹی یا کوئی شخص جو کلکٹر کے انعام سے متاثر ہوا ہو، ایسے انعام کے ایک مہینے کے اندر یا اگر متاثر فریق کو انعام کے متعلق آگاہی نہ ہوا نعام کے اعلان ہونے کے چھ ہفتوں کے دوراں کمشنر سے رابطہ کر سکتا ہے۔

واجبات کی وصولی
Recovery of dues

(2) کمشنرفریقوں کو سننے کا موقعہ دینے کے بعد ایسا حکم جاری کیا جا سکتا ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

(3) ذیلی دفعہ (2) کے تحت کمشنر کا حکم حتمی ہوگا اور اس پر کسی عدالت میں سوال نہیں اٹھایا جا سکتا۔

کاروائی پر پابندی
Jurisdiction barred

45. کلکٹر یا کمشنر خود یا اس سلسلے میں انعام میں دلچسپی رکھنے والے کسی فریق کی درخواست پر کسی بھی وقت پر اس کی طرف یا اس سے پہلے والے حکم پر نظرثانی کر سکتا ہے، اگر وہ قانون کسی کے برئکس ہے یا اس میں کلریکل یا اشاعت کا کوئی نقص

یا غلطی ہے۔

46. اگر کوئی شخص فراڈ کے ذریعے یا غلط بیانی کے ذریعئے کوئی معاوضہ حاصل کرتا ہے یا معاوضے سے زائد رقم حاصل کرتا ہے جو اسے نہیں ملنا چاہیے تھا تو کلکٹر ایسے شخص کو وہ رقم وپس دینے کے لئے طلب کر سکتا ہے۔ اور غلطی کی صورت میں یہ رقم لینڈ ریونیو کو واجبات کی مد میں واپسی کی جائے گی۔

ضمانت
Indemnity

47. اگر اتھارتی زمین کا قبضہ لینے سے پہلے کسی بھی وقت زمین نہ لینے کا فیصلہ کرے تو ایسی آگاہی کلکٹر کو دی جائے گی، یا جیسا معاملہ ہو، کمشنر جس کے بعد ایسی زمین سے متعلقہ طلبی یا اپیل پر کاروائی ختم کر سکتا ہے۔

گنجائش پر اثرانداز ہونا
Overriding provisions

48. اس باب کے اختیارات استعمال کرنے والے کلکٹر اور کمشنر کو کوڈ آف سول پروسیجر 1908 کے تحت سول کورٹ کے اختیارات حاصل ہونگے مندرجہ ذیل کاموں کے لئے:

(a) سمن جاری کرنا اور کسی شخص کو حاضری کے لئے زور بھرنا اور اس سے حلف پر پوچھ تاچھ کرنا؛

(b) کسی دستاویز کی تلاش اور پیش کرنے کے طلبی؛

(c) کسی عدالت یا آفیس میں سے ریکارڈ طلب کرنا؛

(d) گواہی کی پوچھ تاچھ، جائیداد کی جانچ پڑتال یا کسی قانونی جانچ کے لئے کمیشن جاری کرنا ؛

(e) دیکھ بھال کرنے والا یا دوست مقرر کرنا؛

(f) کاروائیوں میں فوت ہوجانے والے فریقوں کے نمائندے شامل کرنا یا متبادل بنانا؛

(g) رکی ہوئی کاروائیوں میں فریقیں کو شامل کرنا یا خارج کرنا؛

(h) پیشی میں خامی سبب خارج کرنا، اور خامی اور خاصی کے سبب خارج کئے گئے کیس کو بحال کرنا؛

(i) کیس کو ملا دینا اور الگ کرنا اور؛

قواعد بنانے کے اختیارات
Power to make rules

ضوابط بنانے کے اختیارات
Power to make regulation

اتھارٹی ختم کرنا
Dissolution of the Authority

(j) اپیل کی سماعت
49. (1) اس ایکٹ کے تحت دیئے گئے انعام پر کوئی بھی اسٹیمپ ڈیوٹی واجب الادا نہ ہوگی۔
(2) انعام کی نقل حاصل کرنے پر کوئی بھی کورٹ فیس واجب الادا نہیں ہوگی۔

منسوخی
Repeal

50. (1) اگر اس باب کے تحت حاصل کی گئی زمین مطلوبہ نہیں ہے، جس مقصد کے لئے حاصل کی گئی تھی یا کسی اسکیم کے لئے حاصل کی گئی تھی یا کوئی شخص جس سے زمین حاصل کی گئی ہو وہ اتھارتی سے زمین کی واپس کے لئے درخواست کر سکتا ہے۔
(2) اتھارٹی، جو معاوضہ طے کیا گیا ہو، اس معاوضے کے بعد درخواست گذار کو زمین واپس کرے گی۔

باب -V
مالیات

51. (1) اتھارٹی 51(1) ایک علیحدہ فنڈ ہوگا جسے لاڑکانہ ڈولپمینٹ اتھارٹی فنڈ کہا جائے گا جو کے فنڈز میں جمع ہوگا۔
(2) فنڈ مشتمل ہوگا:
(a) حکومت کی طرف سے کی گئی گرانٹس ؛
(b) لوکل کائونسل کی طرف سے کی گئی گرانٹس؛
(c) اتھارٹی کی طرف جمع کیا گیا اور حاصل کیا قرض؛
(d) منقولہ یا غیر منقولہ جائیدادوں کے سیل پروسیڈز ؛
(e) وفاقی حکومت یا کسی عالمی ایجنسی سے ملی ہوئی تمام رقوم؛
(f) اس ایکٹ کے تحت حاصل کی گئی تمام فسیز حاصلات اور چارجز ؛
(g) جس کے لئے رقم حاصل کی گئی ہو یا کسی ایجنسی کی خدمات؛
(h) اپنی مالیات اسکیموں کی کاروائیاں، اور
(i) اتھارٹی کی طرف دوسری تمام حاصل ہونے والی

رقوم۔
(3) اس سلسلے میں یا ذیلی دفعہ (2) کی شق (g) کے تحت حاصل کی گئی رقوم کے لئے پر ایجنسی کا ایک علیحدہ اکائونٹ ہوگا۔
(4) فنڈ میں جمع کی گئی رقوم اسٹیٹ بینک میں جمع کی جائے گی یا ان کی ایجنسی یا حکومت کی منظوری سے کسی شیڈولڈ بینک میں جمع کی جائے گی۔
(5) اتھارٹی اپنے فنڈز کسی وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی سکیورٹی میں یا حکومت کی طرف سے منظور شدہ کسی بھی سکیورٹی میں شامل کر سکتی ہے۔
(6) اتھارٹی حکومت کی منظوری سے کسی اسکیم، کام یا پروجیکٹ یا ایسے دوسرے مقاصد کے لئے بانڈز یا ڈبیچینرز جاری کر کے فنڈز جمع کر سکتی ہے۔
(7) اتھارٹی حکومت یا کسی بینک سے ایسے قواعد اور ضوابط کے مطابق قرض حاصل کر سکتی ہے جیسا کہ حکومت نے طے کیا ہو۔
52. (1) اتھارٹی مندرجہ ذیل کاموں کے لئے فنڈز کا استعمال کر سکتی ہے:
(a) ایکٹ کے تحت اپنے کاموں سے متعلقہ اخراجات کو پورانے کرنے کے لئے جس میں شامل ہے چیئرمین، ارکان ، عملدار بشمول ڈائریکٹر جنرل اور مینجنگ ڈائریکٹرز، ملازمین، ماہر، کنسلٹس اور دوسری اتھارٹی اور ایجنیسزکے ملازمین کی ادائیگیاں اور تنخواہیں۔
(b) اس ایکٹ کے تحت کسی اسکیم یا سونپے گئے کام پر ہونے والا خرچ؛
(c) اس ایکٹ کے تحت حاصل کی گئی کسی زمین کے لئے معاوضے کی ادائیگی؛
(d) قرضوں اور ان پر منافع کی دوبارہ ادائیگی؛
(e) اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے مطلوبہ دوسرے خرچ۔

(2) دفعہ 51کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (g) کے تحت حاصل کی گئی رقوم، ایجنسی کے مقاصد کے لئے یہ رقوم حاصل کی گئی ہیں۔
53. (1) اتھارٹی اور اگر حکومت کی طرف سے ہدایت کی جائے تو اتھارٹی کی طرف سے حاصل کئے گئے کسی قرض کی ادائیگی کے لئے قومی قرض کی ادائیگی والا فنڈ قائم کیا جا سکتا ہےاور اس فنڈ میں اپنی صلاحیت کے مطابق ایسی رقوم جمع کرے گی جو جمع شدہ منافعے سمیت قرض کی ادائیگی کے لئے کافی ہونگی۔
(2) قومی قرض کی ادائیگی والے فنڈ کی ادائیگی کے بعد جس لئے یہ قائم کیا گیا ہے اس ایکٹ کے کسی بھی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے استعمال کی جائے گا۔
(3) ہر سال قومی قرض کی ادائیگی والے فنڈ کے اکائونٹنٹ جنرل کی طرف سے جانچ پڑتال کی جائے گی اور اگر وہ تصدیق کرتا ہے کہ فنڈ کے اثاثے اس حد سے کم ہیں جو اس کے لئے عام طور پر رکھے گئے ہیں تو اتھارٹی تصدیق شدہ کمی کے برابر رقم فنڈ میں ادا کرے گی۔
(4) اگر ذیلی دفعہ (36) کے تحت کسی سرٹیفکیٹ کے حوالے سے اتھارٹی اور اکائونٹنٹ جنرل میں اگر کوئی اختلاف ہوتا ہے تو اتھارٹی اس ذیلی دفعہ کا حوالہ لیتے ہوئے فیصلے کے لئے حکومت کو یہ معاملہ بھیج سکتی ہے۔
54. (1) اتھارٹی ہر مالی سال کے لئے رکھے گئے حاصلات اور اخراجات کا تخمینہ تیار کرے گی اور یہ تخمینہ ایسے مالی سال کی شروعات سے چھ ماہ پہلے حکومت کی طرف سے منظوری کے لئے بھیج دیا جائے گا۔
(2) آمدنی حا صلات اور اخراجات پر ایجنسی کا اس سلسلے میں اسٹیبلشمنٹ میں ذیلی دفعہ (1) کے تحت علحیدہ سے دکھا یا جائے گا۔

(3) حکومت ذیلی دفعہ (1) میں بیان گیا بجیٹ جاری کر سکتی ہے یا ایسی تبدیلیاں کر سکتی ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

(4) اگر حکومت کی طرف سے منظور کیا گیا بجٹ مالی سال شروع ہونے کے وقت نہیں پہنچتا تو یہ جانا جائے گا کہ یہ بجٹ حکومت کی طرف سے منظور کیا گیا ہے۔

(5) اتھارٹی، حکومت کی پیشگی منظوری کے علاوہ جاری کئے گئے بجٹ سے زائد خرچ نہیں کر سکتی ۔

55. (1) اتھارٹی اور ایجنسی کے اکائونٹس اس طریقے سے رکھے جائیں گے جیسے بیان کئے گئے ہوں۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت رکھے گئے اکائونٹس کم از کم 2 چارٹرڈ اکائونٹس کی طرف سے آڈٹ کئے جائیں گے۔

(3) ذیلی دفعہ (2) کے تحت آڈیٹر ز کی طرف سے آڈٹ کئے گئے اکائونٹس کا اسٹیٹمنٹ پر مالی سال کے ختم ہونے پر جتنا جلد ممکن ہوسکے حکومت کو بھیجا جائے گا۔

(4) حکومت اکائونٹنٹ جنرل کو ذیلی دفعہ (3) کے تحت جمع کرائے گئے اکائونٹس کی دوبارہ جانچ اور دوبارہ آڈٹ کرانے کا اختیار دے سکتی ہے ان شرائط اور ضوابط پر جیسا کہ حکومت طے کرے۔

باب -VI
پانی کی فراہمی

56. (1) اتھارٹی سرکاری ایجنسی کو پانی کی اتنی مقدار مندرجہ ذیل شرائط و ضوابط کے مطابق فراہم کر سکتی ہے جیسا کہ اتھارٹی اور سرکاری ایجنسی کے درمیاں میں طے ہوا ہو یا دونوں کے درمیاں میں معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں جیسا کہ حکومت، اتھارٹی کے پاس موجود پانی کے وسیلوں کی گنجائش کے مطابق طے کرے۔

(2) جب تک کچھ اس ایکٹ کے متضاد نہ ہو اگر

کوئی ایجنسی اتھارٹی کی طرف سے واجبات کی ادائیگی کے لئے نوٹس ملنے کے ایک مہینے کے دوراں واجبات کی ادائیگی میں ناکام ہوتی ہے تو ایسی رقم سرکاری ایجنسی سے بیان کئے گئے طریقے کے مطابق وصولی کے لائق ہوگی۔

57. اتھارٹی پانی کی موجودگی کے حساب سے میونسپل کی حدود سے باہر رہنے والے سے میونسپل کی حدود سے باہر رہنے والا صارفین کو پانی فراہم کرے گی۔

58. (1)اتھارٹی یا اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے کسی شخص کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی غیر منقولہ جائیداد کی بالائی، زیریں درمیاں یا چاروں طرف سیورس یا پائپس کو جوڑنے اور لائنوں کی دیکھ بھال کرے اور ایسی جائیداد میں مین سورس یا پائپیوں کو جوڑنے ، آلات یا لائنوں کی جانچ پڑتال مرمت، تبدیلی یا ہٹانے کے مقصد سے داخل ہو سکے۔

بشرطیکہ اتھارٹی اس ایکٹ کے طریقے کے علاوہ مذکورہ بالا حق کے علاوہ دوسرے حقوق نہیں حاصل کر سکے گی۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت ملے ہوئے حقوق وفاقی حکومت یا کسی صوبائی حکومت یا کسی ریلوے ایڈمنسٹریشن کی مقامی اتھارٹی کے ضوابط اور زیر انتظام جائیداد کے سلسلے میں ایسی حکومت یا لوکل اتھارٹی یا ریلوے ایڈمنسٹریشن سے پیشگی اجازت کے علاوہ استعمال کے لائق نہ ہوگا۔

بشرطیکہ ایسی اجازت ضروری نہ ہو۔ اگر کسی سینٹیشن کے کام کے سلسلے میں فوری بنیادوں پر کوئی مرمت ، تبدیلی، ہٹانے یا بہتری مطلوب ہے، جیسا کہ پانی کی فراہمی بنا کسی رکاوٹ کے جاری رکھی جا سکے۔ یا انسانی زندگی یا جائیداد کو بنا کسی نقصان کے جاری رکھا جا سکے۔

(3) اتھارٹی یا اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے

کوئی شخص اگر اس دفعہ کے تحت حق استعمال کر رہا ہے اگر کسی چھوٹے نقصان یا بے قاعدگی کا سبب بنے یا کوئی نقصان یا بے قاعدگی کا سبب بنے یا کوئی نقصان یا بے قاعدگی حقیقتاً ہو رہی ہو تو اس سلسلے میں اتھارٹی یا اس کی طرف سے مقرر کئے گئے شخص کی طرف سے اس نقصان یا بے قاعدگی کا طے شدہ معاوضہ ادا کیا جائے گا۔

59. جب کوئی شخص:

(a) دانستہ طور پر کسی لائن یا کاموں کی ٹینگ خراب کرتا ہے۔ یا کوئی کھمبا جو کہ زمین میں لگا ہوا ہے اسے ایسی لائن یا کام کی سیٹنگ خراب کرنے کے لئے اسے کھینچ کر نکالتا ہے یا ہٹا دیتا ہے۔ یا اس مقصد کے لئے کئے ہوئے کام کو خراب کرتا ہے یا تباہ کر دیتا ہے یا

(b) دانستہ یا غیر دانستہ طور پر کوئی تالا ، ڈاک والو پائپ یا اتھارٹی سے متعلقہ دوسرے کاموں کو توڑتا ہے یا خراب کرتا ہے یا کھول دیتا ہے؛

(c) جان بوجھ کر بہاء کو روکتا ہے، بہا دیتا ہے ضائع کر دیتا ہے، منتقل کرتا ہے یا اتھارٹی سے متعلقہ پانی میں سے پانی لیتا ہے یا پانی کے ایسے وسائل میں سے جو ایسے کاموں کے لئے پانی فراہم کرتا ہے ؛ یا

(d) اتھارٹی کی طرف سے لی ہوئی کسی بجلی کی لائن کو غیر قانونی طور پر توڑ دیتا ہے یا نقصان پہنچا تا ہے؛

(e) اتھارٹی کے کسی عملدار یا ملازم کو اس ایکٹ کے تحت اپنی ذمہ داریاں نبھانے سے روکتا ہے یا اس کی طرف سے ضروری کام کے لئے پانی کے کاموں سے متعلقہ، جانچ پڑتال ، یا پوچھ تاچھ والی درخواست کو جان بوجھ کر رد کردیتا ہے؛ یا

(f) کوئی شخص پانی والے کام میں یا اس میں نہاتا ہے، کوئی چیز پھینکتا ہے یا اس کا سبب بنتا ہے کہ اس میں جانور وغیرہ موجود ہے یا اس میں کچھ گندی

اشیاء ڈالتا ہے، یا اس میں ایسی اشیاء پھینکتا ہے جو جرم کے برابر ہیں، بوائلر یا مشینوں کو ہٹاتا ہے۔ یا کوئی ایسا دوسرا کام کرتا ہے، جس کی وجہ سے پانی رکتا ہے اس کے رکنے کا اندیشہ ہے تو اسے قید کی سزا دی جائے گی ایسی مدت چھ ماہ سے زائد ہو سکتی ہے یا جرمانہ پچاس ہزار روپے سے بڑھ سکتا ہے یا پھر دونوں۔

باب -VII
متفرقات

60. (1) اگر استعمال شدہ کوئی عمارت، تعمیر یا زمین جو تعمیر کی گئی ہے بنائی گئی ہے یا اس ایکٹ کی گنجائش کے خلاف ہے یا قوائد یا ضوابط کے خلاف ہے یا اس سلسلے میں کئے گئے حکم کے خلاف ہے ڈپٹی کمشنر یا اس کی طرف سے بااختیار بنائے گئے کسی شخص یا اس سلسلے میں اتھارٹی، تحریری حکم کے ذریعے قبضہ رکھنے، استعمال کرنے والے مالک، اس شخص کو جس کے ضابطے کے اندر ایسی عمارت تعمیر، کام یا زمین ہے اس کو طلب کر سکتی ہے اس کو ہٹانے ، گرانے یا عمارت کی تعمیر یا کام کو تبدیل کرنے یا اس تعمیر کو مندرجہ ذیل استعمال کرنا جیسا کہ اس ایکٹ کی گنجائش میں بیان کیا گیا ہے۔

(2) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت کسی حکم پر کسی عمارت کی تعمیر، کام یا زمین کے حوالے عمل نہیں کیا جاتا ایسے وقت کے دوران جو کہ اس سلسلے میں بیان کیا گیا ہو ڈپٹی کمشنر یا اس کی طرف سے کوئی بااختیار بنایا گیا شخص یا اتھارٹی اس سلسلے میں، حکم کے ذریعے متاثر ہونے والے افراد کو سننے کے بعد عمارت کی تعمیر یا کام کو ہٹانے ، گرانے یا تبدیل کر سکتا ہے یا زمین کے استعمال کو روک سکتا ہے، اور ایسا کرنے میں، وہ فورس کو بھی استعمال میں لاسکتا ہے اگر ضروری ہو اور اس سلسلے میں قیمت بھی معلوم کرس کتا ہے تو ایسے شخص سے

جو ایسی تعمیر ، یا اس کے استعمال کا ذمیوار ہے۔
61. عمارت کی تعمیر، کام یا مذکورہ بالا گنجائش سے تکرار میں زمین کا ذمیوار ہو۔
جائیداد کے استعمال میں کوئی تبدیلی جیسا کہ اسکیم میں بیا ن کی گئی ہو۔ شخص یا ایجنسی کی طرف سے اتھارٹی کے سواء جس کی تحریر میں پیشگی منظوری ہو۔ قابل سزا ہوگی جس کا جرمانہ ایک سہ روپے روزانہ تک بڑھ سکتا ہے تبدیلی والی تاریخ سے جب تک وہ تقص جاری رہے یا قید کے ساتھ ایک سال تک بڑھ سکتا ہے، یا دونوں۔
62. چیئرمین، ارکان، عملدار سمیت ڈائریکٹر جنرل اور مینجنگ ڈائریکٹر اور اتھارٹی اور ایجنسی کے دوسرے تمام ملازم پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 21 مطابق سرکاری ملازم سمجھے جائیں گے۔

63. اتھارٹی ہر مالی سال کے اختتام پر سالانہ سرگرمیوں کے متعلق رپورٹ تیار کر کے حکومت کو ایسے طریقے اور اس تاریخ کو جمع کرے گی جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔
64. اس ایکٹ کے لاگو ہونے پر:
(i) لوکل کائونسل لوکل اتھارٹی یا باڈی سرکاری ایجنسی یا دوسری کوئی تنظیم یا ادارے کی تشکیل یا عمل درآمد کے سلسلے میں تمام اختیارات اور کام مہیا کرنا ، چلانا اور دیکھ بھال کی خدمات،
مثلاً، پانی کی فراہمی، سیوریج اور ڈرینج یا ایسی دوسری خدمات زیر ضابطہ ایراضی یا اس کے حصے کی اتھارٹی کو استعمال کیا اور ادا کیا جائے گا۔
(ii) لوکل اتھارٹی یا سرکاری ایجنسی کی باڈی تنظیم یا کسی ایسے مشترکہ یا متعلقہ ادارے کی ملکیت،

اثاثے اور ذمہ داریاں یا مذکورہ بالا خدمات اتھارٹی کی طرف منتقل ہو جائی گی اور اتھارٹی کی جائیداد، اثاثے اور ذمہ داری سمجھی جائے گی۔
(iii) لوکل کائونسل یا سرکاری ایجنسی کی باڈی تنظیم یا سے متعلقہ ادارے کے ملازم، کام اور خدمات مذکورہ بالا طریقے کے مطابق اتھارتی کی طرف منتقل ہو جاینگے اور ان ہی شرائط اور ضوابط کے مطابق جو انہیں اتھارٹی کی طرف سے ملی ہوں۔
65. اتھارٹی یا ایجنسی کی طرف واجب الادا رقم یا اتھارٹی یا ایجنسی کی طرف سے اس ایکٹ کے تحت غلطی سے ادا کی گئی رقم لینڈ ریوینوہ کے واجبات وصول کرنے کے لائق ہوگی۔
66. (1) کسی بھی عدالت کو اس ایکٹ کے تحت کسی عمل یا کچھ کرنے کے ارادے کے سلسلے میں کوئی کاروائی کرنے یا کوئی حکم جاری کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہوگا۔
(2) اس ایکٹ کے تحت کوئی بھی کیا گیا کام یا کی گئی کاروائی یا جاری کئے گئے حکم مندرجہ ذیل بنیادوں پر غیر موثر نہیں ہوگا:
(a) اتھارٹی یا کسی کمیٹی میں کسی آسامی یا اس کی تشکیل میں کسی نقصان کی صورت میں؛
(b) جہاں انصاف ہو چکا ہو کسی شخص کو نوٹس نہ ملنے کی صورت میں؛ اور
(c) کوئی رد، نقص یا بے ضابطگی جو کسی کیس کی ترجیحات پراانداز ہو رئی ہو۔
67.اس ایکٹ کے تحت کئے گئے کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر کوئی کیس یا مقدمہ حکومت، اتھارٹی یا ایجنسی یا کسی دوسرے شخص کے خلاف نہیں ہوگا۔
68. اس ایکٹ کی گنجائشوں اور اس سلسلے میں قواعد اور ضوابط کسی دوسرے قانون یا قواعد اور ضوابط پر اثرانداز نہ ہونگے۔

69. حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے

ذریعے اس ایکٹ کی گنجائش کو موثر بنانے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

70. (1) اس ایکٹ کی گنجائش اور قواعد کے مطابق اتھارٹی سرکاری گزٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے حکومت سے تحریری میں پیشگی منظوری سے، اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ضوابط بنا سکتی ہے۔

(2) خاص طور پر اور مذکورہ بالا بیان کئے گئے اختیارات کو عام حیثیت سے تکراری کے علاوہ ایسے ضوابط مہیا کئے جاتے ہیں :

(i) اتھارٹی کا اجلاس؛

(ii) ایسے اجلاس کو چلانے کا اختیار؛

(iii) اتھارٹی اور ایجنسی کے عملدارورں اور عملے کی ملازمت کے شرائط و ضوابط اور؛

(iv) اس ایکٹ کی گنجائش کی طرف سے مطلوب کوئی دوسرا معاملہ جو ضوابط کے ذریعے مہیا کیا جائے۔

71.حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹ فکیشن کے ذریعے اتھارٹی کو تحلیل کرنے کا اعلان کر سکتی ہے اس تاریخ سے جو بیان کی جائے گی۔ اور اتھارٹی کی ایسی تحلیل سے تمام جائیداد فنڈز اور دوسرے اثاثے حکومت کی طرف آجائیں گے یا ایسی کوئی دوسری اتھارٹی، باڈی یا ایجنسی کی طرف جیسا حکومت مناسب سمجھے۔

72. لاڑکانہ ڈویژن میں امپرومنٹ کرنے کے لیے ایکٹ 1922 اور لاڑکانہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آرڈیننس 1994 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔